پریس ریلیز

گوجرانوالہ 22 فروری 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ گوجرانوالہ شہر کی خوش قسمتی ہے کہ سہیل فاضل بطور سٹی ٹریفک پولیس تعینات ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلاشبہ سہیل فاضل جیسے محنتی اور قابل آفیسر محکمہ کیلئے قیمتی سرمایہ کی مانند ہوتے ہیں انہوں نے بطور ڈی ایس پی ٹریفک گوجرانوالہ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سہیل فاضل سے چیمبر آفس میں تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر نائب صدر عادل ندیم، سابق صدر اخلاق احمد بٹ، رکن مجلس نعیم آصف، سابق نائب صدر شیخ قیصر امین جموں والے کے علاوہ دیگر کاروباری شخصیات موجود تھیں۔انہوں نے مزید کہا کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ گوجرانوالہ شہر کی ٹریفک میں بے انتہا اضافہ ہو چکا ہے ہم امید کرتے ہیں کہ سہیل فاضل اپنی بہتر حکمت عملی سے شہر میں ٹریفک کی روانی کو سہل بنائیں گے۔ جہاں تک ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کا تعلق ہے انہوں نے ہمیشہ میرٹ کو ترجیح دی اور افراد کو لائسنس کا اجراء کیا جو حقیقی معنوں میں ڈرائیو لائسنس کے حقدار تھے۔

انہوں نے کہا کہ محنت اور لگن سے اپنے فرائض ایمانداری سے انجام دیئے جائیں تو ترقی انسان کا مقدر بنتی ہے یہی وجہ ہے کہ سہیل فاضل ڈی۔ایس۔پی سے ترقی پا کر گوجرانوالہ میں ہی بطور سٹی ٹریفک پولیس آفیسر مقرر کر دیئے گئے ہیں۔جو کہ نہایت خوش آئند ہے۔انہوں نے سہیل فاضل کو بطور سٹی ٹریفک پولیس آفیسر چارج سنبھالنے مبارکباد پیش کی اور کہا کہ گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی اور شہری امید کرتے ہیں کہ بطور سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ وہ پہلے سے بھی بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کی طرف سے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔